# ماڈل پیپر "جغرافیہ"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ　　　　کل نمبر: 17

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) لفظ جغرافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) ستاروں کا بیان　(ب) زمین کا بیان　(ج) سمندروں کا بیان　(د) آب وہوا کا بیان

(ii) ڈاکٹر کیلٹی (Dr Kelti) نے جغرافیہ کی تعریف کس سن میں بیان کی؟

(الف) 2001ء　(ب) 1891ء　(ج) 1850ء　(د) 1750ء

(iii) ثقافتی جغرافیہ کا تعلق جغرافیہ کی کس شاخ سے ہے؟

(الف) طبعی جغرافیہ　(ب) انسانی جغرافیہ　(ج) بحری جغرافیہ　(د) سیاسی جغرافیہ

(iv) کرہ حجری (Lithosphere) میں زمین کے کس حصے کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(الف) سمندروں پر مشتمل حصے کا　(ب) زمین کے بیرونی حصے کا　(ج) صحراؤں پر مشتمل حصے کا　(د) جنگلات پر مشتمل حصے کا

(v) زمین نظام شمسی کے رکن کی حیثیت سے سورج سے کتنے نمبر پر ہے؟

(الف) دسویں نمبر پر　(ب) تیسرے نمبر پر　(ج) پانچویں نمبر پر　(د) پہلے نمبر پر

(vi) زمین سورج سے کتنے فاصلے پر ہے؟

(الف) 58 ملین کلومیٹر　(ب) 150 ملین کلومیٹر　(ج) 108 ملین کلومیٹر　(د) 228 ملین کلومیٹر

(vii) خط استوا پر زمین کا قطر کتنا ہے؟

(الف) 15550 کلومیٹر　(ب) 12748 کلومیٹر　(ج) 10590 کلومیٹر　(د) 5712 کلومیٹر

(viii) ارضی علوم کے ماہرین کے مطابق زمین کی عمر کتنی ہے؟

(الف) 500 ملین سال　(ب) 4500 ملین سال　(ج) 1000 ملین سال　(د) 1250 ملین سال

(ix) زمین کی سطح کے کتنے فیصد حصے پر تقریباً پانی ہے؟

(الف) 50 فیصد　(ب) 70 فیصد　(ج) 90 فیصد　(د) 15 فیصد

(x) سطح زمین کا زیادہ تر حصہ کن چٹانوں سے ڈھکا ہوا ہے؟

(الف) آتشی چٹانوں سے　(ب) رسوبی چٹانوں سے　(ج) متغیرہ چٹانوں سے　(د) کاربونیفرس چٹانوں سے

(xi) براعظمی پوست (Continental erust) کی اوسط گہرائی کتنی ہے؟

(الف) 100 کلومیٹر　(ب) 1903 کلومیٹر　(ج) 50 کلومیٹر　(د) 10 کلومیٹر

(xii) زمین کی سطح کا کل رقبہ کتنا ہے؟

(الف) 320 ملین مربع کلومیٹر　(ب) 100 ملین مربع کلومیٹر　(ج) 50 ملین مربع کلومیٹر　(د) 200 ملین مربع کلومیٹر

(xiii) لیکولیتھ چٹان کا شمار کن چٹانوں میں ہوتا ہے؟

(الف)متغیرہ چٹانیں (ب)آتشی چٹانیں (ج) تہہ دار چٹانیں (د) نامیاتی چٹانیں

(xiv) الپائن پہاڑوں کی ارضیاتی عمر کتنی ہے؟

(الف)200 ملین سال (ب) 25 ملین سال (ج) 100 ملین سال (د) 50 ملین سال

(xv) سطح مرتفع تبت کی بلندی کتنی ہے؟

(الف)500 میٹر (ب) 4500 میٹر (ج) 1500 میٹر (د) 1050 میٹر

(xvi) دریائی گزرگاہ کو کتنی منازل میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(الف)پانچ (ب)تین (ج) سات (د) دس

(xvii) سمندر کے پانی میں عام نمک (سوڈیم کلورائیڈ) کا تناسب کتنے فیصد ہوتا ہے؟

(الف)25 فیصد (ب) 27.213 فیصد (ج) 15 فیصد (د) 50 فیصد

# ماڈل پیپر "جغرافیه"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-I

## حصہ انشائی

وقت: 2-40 گھنٹے　　　　کل نمبر: 68

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 22 (بائیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔　　　　22x2=44

## حصہ اول

### سوال نمبر 1- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) علم جغرافیہ کی جامع تعریف تحریر کیجئے۔

(ii) علم جغرافیہ کی دو بڑی شاخوں کے نام تحریر کیجئے۔

(iii) جغرافیہ کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iv) طبعی جغرافیہ کی پانچ اہم شاخوں کے نام تحریر کیجئے؟

(v) نظام شمسی سے کیا مراد ہے؟

(vi) نظام شمسی کے سیاروں کے نام تحریر کیجئے؟

(vii) زمین کی ساخت مختصر الفاظ میں تحریر کیجئے؟

(viii) زمین کی ساخت مختصر الفاظ میں تحریر کیجئے؟

### سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) طبعی نقوش ارضی کبیر (Major Landforms) سے کیا مراد ہے؟

(ii) پہاڑ کی تعریف تحریر کیجئے اور مثالوں سے واضح کیجئے۔

(iii) سطح مرتفع کی تین اقسام کے نام تحریر کیجئے؟

(iv) میدان کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کیجئے؟

(v) عمل عریاں کاری سے کیا مراد ہے؟

(vi) عمل فرسودگی سے کیا مراد ہے؟

(vii) سطح زمین پر طبعی خدوخال میں تبدیلیاں لانے والے عوامل کون سے ہیں؟

(viii) دریا کی گزرگاہ کی تین منازل کے نام تحریر کیجئے؟

**سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) پانچ بڑے سمندروں کے نام تحریر کیجئے؟

(ii) دنیا کے سب سے بڑے سمندر کا نام اور رقبہ تحریر کیجئے؟

(iii) سمندری مدوجذر سے کیا مراد ہے؟

(iv) بحری رووں کے پیدا ہونے کے اسباب تحریر کیجئے؟

(v) بیرومیٹر کی اقسام تحریر کیجئے؟

(vi) موسم اور آب وہوا میں کیا فرق ہے؟

(vii) گردباد سے کیا مراد ہے؟

(viii) نسیم بحری اور نسیم بری پر مختصر نوٹ لکھیئے؟

**سوال نمبر 4- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) سطح زمین پر خشکی اور تری کی تقسیم واضح کیجئے؟

(ii) چٹان کی تعریف کیجئے اور چند مثالیں لکھیئے؟

(iii) چٹانوں کی تین بڑی اقسام کے تحریر کیجئے؟

(iv) متغیرہ چٹانوں پر ایک جامع نوٹ لکھیئے؟

(v) آبشار نیاگرا کس براعظم میں ہے؟

(vi) گلیشر کی تعریف کیجئے نیز اس کی اقسام اور خصوصیات بیان کیجئے؟

(vii) کرہ آب سطح زمین کے تقریباً کتنے فیصد رقبے پر پھیلا ہوا ہے؟

(viii) میدان کیوں سب سے زیادہ گنجان آباد ہیں؟

(ix) قدرتی ماحول کے طبعی عوامل کون سے ہیں؟

## حصہ دوم

**نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔** 8x3 = 24

سوال نمبر 5۔ علم جغرافیہ کی تعریف بیان کیجئے نیز جغرافیہ کی اہمیت بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 6۔ نظام شمسی سے کیا مراد ہے؟ نظام شمسی کے سیاروں پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7۔ چٹان کی تعریف تحریر کیجئے نیز آتشی چٹانوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ 8

سوال نمبر 8۔ پہاڑ کس زمینی نقش کو کہتے ہیں؟ بناوٹ کے لحاظ سے پہاڑوں کی تقسیم تحریر کیجئے۔ 8

سوال نمبر 9۔ بحری رو کی تعریف تحریر کیجئے نیز بحراوقیانوس کی رووں کا مختصر حال تحریر کیجئے۔ 8